انڈونیشیا، ملائشیا، سنگاپور، تھائی لینڈ، کمبوڈیا، پاپوانیوگنی، فلپائن اور میانمار (برما) کے مبلغین اور لوکل معلمین کی حضور انور کے ساتھ میٹنگ

اس کے بعد انڈونیشیا، ملائشیا، سنگاپور، تھائی لینڈ، کمبوڈیا، پاپوانیوگنی، فلپائن اور برما کے مبلغین کرام اور لوکل معلّمین کی اجتماعی میٹنگ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ شروع ہوئی۔

حضور انور نے دعا کروائی۔

❁...... بعد ازاں ایک معلّم نے عرض کیا کہ ایک نئے جزیرے میں کام کر رہا ہوں۔ حضور انور سے دعا کی درخواست ہے کہ وہاں جماعت قائم ہو جائے۔ حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔

❁...... ایک اور معلّم نے عرض کیا کہ میں ایک نئی جگہ پر ہوں۔ میرے لئے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ کامیابی عطا فرمائے۔ اس پر حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔

❁...... بعض معلّمین نے اپنے اپنے علاقہ میں مساجد کی تعمیر کا ذکر کر کے دعا کی درخواست کی۔ جس پر حضور انور نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فضل فرمائے۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام مبلغین اور معلّمین کو ہدایات دیتے ہوئے فرمایا: واپس جا کر اپنے اپنے علاقوں میں ایسے پروگرام بنائیں جو جماعت کی تربیت کے لئے بہت ضروری ہیں۔ نمازوں کے قیام کی طرف توجہ دیں۔ قرآن کریم کی تلاوت روزانہ باقاعدگی سے ہونی چاہئے اور اپنی جماعتوں کا MTA کے ساتھ تعلق جوڑنے کی کوشش کریں۔ جن جماعتوں میں MTA نہیں ہے وہاں اپنے ہیڈ کوارٹر سے رابطہ کر کے MTA لگوائیں۔

اپنے تعلقات سرکاری افسران سے اس حد تک بڑھائیں جو جماعت کے مفاد کے لئے زیادہ سے زیادہ استعمال ہو سکیں۔

اپنے علاقے کے طلباء کو Encourage کریں کہ وہ زیادہ سے زیادہ تعلیم حاصل کرنے کی کوشش کریں۔ جو اچھے ذہین طلباء ہیں ان کو کہیں کہ یونیورسٹی میں جائیں۔ اگر انہیں مالی تنگی کی وجہ سے اخراجات کی ضرورت ہے تو اپنے ہیڈ کوارٹر کو لکھیں۔

حضور انور نے فرمایا: اکثر جو چھوٹی جماعتیں ہیں وہاں عاملہ کے ممبران، صدران جماعت کھل کر افسران سے بات نہیں کر سکتے ہوں گے۔ مربیان کا کام ہے کہ وہاں علاقوں کے افسران سے تعلقات بڑھائیں تا کہ اُن سے کھل کر بات کر سکیں۔

حضور انور نے فرمایا: اپنے دنیاوی تعلقات بناتے ہوئے اپنے اصل مقصد تبلیغ اور تربیت کو نہ بھول جائیں۔ حکمت کے ساتھ تبلیغ کے لئے مختلف راستے نکالے جا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اگر تم حکمت سے کام لو گے تو تمہارے دشمن بھی نرم پڑ جائیں گے۔ اس لئے حکمت کے ساتھ ان لوگوں کو تبلیغ کریں اور احمدیت کا حقیقی اور سچا پیغام پہنچائیں۔ امید ہے کہ خدا تعالیٰ کے فضل سے سب ٹھیک ہو جائے گا۔

حضور انور نے فرمایا: ہم مخالفت کی وجہ سے نہ اپنی تبلیغ روک سکتے ہیں اور نہ تربیت کے پروگرام بند کر سکتے ہیں۔ پس سب واپس جا کر اپنے اپنے پلان بنائیں اور تربیتی پروگرام بھی کریں اور حکمت سے تبلیغی پروگرام بھی کریں۔

حضور انور نے فرمایا: آپ سب حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب کا مطالعہ کریں۔ جن کتب کا انڈونیشین زبان میں ترجمہ ہو چکا ہے وہ کتب پڑھیں۔

حضور انور نے فرمایا: تھوڑی کتابیں ترجمہ ہوئی ہیں بار بار پڑھ کر اب تک تو آپ کو حفظ ہو جانی چاہئیں۔

حضور انور نے فرمایا: قرآن کریم کے ترجمہ اور تفسیر پر غور کرنے کی کوشش کیا کریں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا میری کسی بھی کتاب کو پڑھ لو تو مخالفین کا جواب دے سکو گے۔

حضور انور نے فرمایا: آپ میں اکثر نوجوان ہیں دو تین مرتبہ پڑھیں گے تو یاد بھی ہو جائیں گی۔ **حضور انور نے ہدایت فرمائی** کہ اپنے خطبہ اور درس وغیرہ میں حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے حوالے پڑھا کریں کیونکہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا علم کلام ہی قرآن کریم کی اصل تفسیر ہے۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی کہ خلیفۃ المسیح کے جو خطبات ہیں ان کے نوٹس بنا کر جماعت کو پہنچایا کریں۔ آپ میں سے ہر ایک کے حلقہ کی تمام جماعتوں کو پہنچنے چاہئیں۔

حضور انور نے ہدایت فرمائی آپ کا پروگرام جو MTA پر ہر مہینہ آتا ہے اور خطبہ جمعہ کا مکمل ترجمہ آتا ہے اپنی ساری جماعتوں کو کہیں کہ وہ یہ ترجمہ سنا کریں اور آپ سب لوگ اپنے نوٹس بھی بنایا کریں۔ کئی مربیان ایسے ہیں جو ہر خطبہ پر نوٹس بناتے ہیں اور پھر سارا ہفتہ ان نوٹس کے مطابق اپنے درسوں اور اجلاسات میں تلقین کرتے رہتے ہیں۔

مبلغین اور معلّمین کی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ یہ میٹنگ ایک بجے ختم ہوئی۔ اس میٹنگ میں آٹھ ممالک کے 140 سے زائد مرکزی مبلغین اور لوکل معلّمین شامل ہوئے۔ آخر پر سب نے اپنے پیارے آقا کے ساتھ ملک وائز تصویر بنانے کی سعادت پائی۔